© rasailojaraid.com

## ایشیا

# ایران: "مڈل ایسٹ کونسل آف چرچز" کی انسانی ہمدردی کی بنیاد پر فراہم کردہ امداد

ایران میں "مڈل ایسٹ کونسل آف چرچز" کے رابطہ کار جناب ملک خداوردیان نے کونسل کی "کمیٹی برائے وظائف" کی دعوت پر یکم جون سے ۱۵ جون تک قبرص کا دورہ کیا، جہاں ایا نیپا کانفرنس سنٹر میں کمیٹی کا اجلاس ہو رہا تھا۔ قبرص میں اپنے قیام کے دوران میں جناب خداوردیان نے "مڈل ایسٹ کونسل آف چرچز" کے جنرل سیکرٹری جبریل حبیب اور دوسرے رفقائے کار سے ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں ایران میں "مسیحی ریلیف سروس" کے زیرِ عمل منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ان منصوبوں میں زلزلے سے متاثر گیلان کے علاقے میں تعمیرِ نو اور خلیجی جنگ کے تارکینِ وطن کے لیے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد کی فراہمی شامل ہے۔ "مڈل ایسٹ کونسل آف چرچز" نے حال ہی میں تہران میں تعلیم اور صحت عامہ کی وزارتوں سے منسلک علاقائی کمیٹیوں کے ساتھ دو معاہدے کیے ہیں جن کے تحت ۱۹۹۰ء کے زلزلے میں شدید طور پر متاثر صوبہ گیلان میں پانچ دیہی اسکول اور تین طبی مراکز تعمیر کیے جانے تھے۔ تعمیری کام بہت پہلے شروع کر دیا گیا تھا اور اس سال موسمِ خزاں میں طلبہ کے داخلوں کے ساتھ ان اسکولوں کی تعمیر مکمل ہو جانی تھی۔

"مڈل ایسٹ کونسل آف چرچز" نے ایران کے شمال مغربی صوبہ آذر بائیجان میں مقیم مہاجرین کو خوراک، ادویہ اور ملبوسات کی فراہمی میں ایرانی ہلال احمر سوسائٹی کے ساتھ تعاون کیا ہے۔ جناب خداوردیان اہواز، دیزفل، شوستر اور شوش کے دیہات میں مہاجر کیمپوں کے دو روزہ دورے کے بعد حال ہی میں تہران واپس آئے ہیں اور مزید امداد کے لیے مذاکرات کا سلسلہ جاری ہے جو "مسیحی ریلیف پروگرام" کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے فراہم کی جا سکتی ہے۔

"مڈل ایسٹ کونسل آف چرچز" نے اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے مہاجرین/ایران کے ساتھ مشترکہ منصوبے شروع کیے ہیں جن میں تیسرے ملک کے باشندوں (بنیادی طور پر ایتھوپیا اور صومالیہ کے لوگ شامل ہیں) کی اپنے وطن واپسی اور آبادکاری شامل ہے۔ اسی سلسلے میں کونسل نے ۲۴ آرمنی باشندوں کی آبادکاری میں تہران کے "امریکی نیابتی حلقے کی کونسل" کے ساتھ تعاون کیا ہے۔ ان آرمنی باشندوں نے خلیجی جنگ کے دوران میں آرمنی چرچ میں پناہ حاصل کر لی تھی۔

رپورٹ: مڈل ایسٹ کونسل آف چرچز نیوز رپورٹ)



© rasailojaraid.com